© rasailojaraid.com



استاد العلماء مخدوم محمد معین ٹھٹوی
مترجم : ابوسعید غلام مصطفیٰ قاسمی

## ترجمہ مطارحات التحقیق فی برہان التطبیق

# برہان التطبیق کے سلسلے میں تحقیقی مناظرات

## چوتھی قسط

اور یہ اسی استاد جلیل اور حبرِ عظیم (علامہ صدرالدین شیرازی) کی طرف سے اجمال تعریف ہے۔ جس کی تیرے لیے برہان سے تفصیل پیش اور علم محیط ہے پوروں کی عقد کے ساتھ اس شیخ سے اور اس کے استاذ سابق ماہروں سے سب سے اچھے لاحق ہونے والے سید محمد باقر جو کہ میر باقر داماد رحمہ اللہ سے مشہور ہیں۔ باوجود اس کے کہ یہ دونوں (استاد اور تلمیذ) زمانہ کے لحاظ سے متاخر ہیں ان لوگوں سے جن کی اکثریت نے اس برہان تسلسل میں کلام کیا ہے اور ان دونوں کی اطلاع خلاف یہ ہے جو کہ اس کے مادہ جریان میں واقع ہے علاوہ یہ کہ یہ برہان صرف ان موجودات میں جاری ہوگا جو کہ وجود میں مجتمع ہیں اور ان کے درمیان ترتب بھی پایا جاتا ہے بلکہ انھوں نے اسکا ہر برہان میں حکم کیا ہے جس کو تسلسل کے ابطال میں قائم کیا گیا ہے اور وہ جس کی وجہ سے یہ دونوں استاد اور تلمیذ خصائص تحقیقات میں منفرد ہوئے ہیں یہ ہے کہ یہ دونوں معلولات متنازلہ کے سلسلے میں امتناع لاتناہی کا عقیدہ نہیں رکھتے اور انھوں نے اس امتناع کے نہ ہونے کی بنیاد صرف اس پر رکھی ہے کہ منشاء امتناع لاتناہی کی صرف ترتب اور اجتماع کی وصف ہے اور ہم نے پہلے بیان کیا ہے کہ یہ جہت تنازل نہیں پایا جاتا۔

ہم اسفار سے ایک تبصرہ لاتے ہیں جو کہ اس جوہرۃ ثمینہ (گراں بہا موتی) کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یے منعقد کیا گیا ہے

علامہ صدر الدین شیرازی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے علت ، معلول کے پانچویں مرحلہ میں "فصل ابطال الدور والتسلسل فی العلل والمعلولات" کے آخر میں فرمایا ہے :

**تبصرہ** جان لو کہ سب براہین جو کہ سلسلہ مرتبہ کے لاتناہی کے امتناع پر قائم ہوتے ہیں وہ سب تصاعد اور علیت کی جہت میں ہیں۔ تنازل اور معلولیت میں نہیں ہیں اور اس کا سبب یہ ہے کہ لاتناہی کے فرض کرنے پر سلسلہ تصاعد میں عقل کی نظر میں کوئی ایسی علت تعین کے ساتھ موجود نہ ہوگی مگر وہ اولاً موجود ہوگی پھر اس کی طرف سے سارے کا سارا سلسلہ مرتبہ وجود میں داخل ہوگا اور وہی امتناع کے حکم کا منشا ہے اور سلسلہ تنازل میں اس کے خلاف پایا جاتا ہے اور علامہ نے جو ذکر کیا ہے وہ ماضی کے تمام براہین میں جاری ہوتا ہے یہاں تک کہ حیثیات، تضائف اور ان دونوں کے غیر میں بھی جاری ہوگا۔ یہ اس لیے ہے کہ ان میں سے ہر ایک میں استحالت کے حکم کا معیار ان میں سے ہر ایک میں دو شرط ترتب اور اجتماع کا وجود بالفعل میں لانہایت کی جہت میں ساتھ ہونا ضروری ہے پھر فرق کا معیار جیسا کہ پہلے اس کی طرف اشارہ واقع ہوا ہے یہ ہے کہ شئی کی علل مرتبہ اعیان کی ظرف میں اس کے ساتھ موجود ہوتی ہیں اور ان کا اس پر تقدم عقلی اعتبار سے ہے تو پھر تصاعد کی صورت میں علل مرتبہ غیر متناہیہ فرض کے طور پر موجود ہوں گی۔ ذات معلول کے مرتبہ میں لیکن تنازل کی صورت میں معلولات مترتبہ ذات علت کے مرتبے میں ثابت نہ ہوگی کیونکہ معلول کے لیے وجود خاصی ناقص المعلول ذات علت کے مرتبے میں اس کے وجود خاص کامل اور بلند کے ساتھ صحیح نہیں ہے اور علت کا معاملہ اس سے مختلف ہے کیونکہ علت کا وجود مرتبے ہویت معلول میں واجب اور محیط ہوتا ہے۔ پس مذکورہ تحقیق سے یہ ثابت ہوتا ہوا کہ عقلی مراتب میں سے کسی مرتبہ میں ترتیب اور اجتماع کی وصف وہ صرف سلسلہ مفروضہ میں تصاعد اور ترقی کی جہت میں ثابت ہوتی ہے۔ اس کے خلاف کی جہت میں ثابت نہیں ہوتی اور وہ ہے سلسلے کی تنازل اور تسافل کی جہت ، تب

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اِس جہت میں اس سلسلے کے انقطاع پر براہین قائم ہیں، اس جہت میں انقطاع کے اثبات پر دلائل نہیں ہیں۔ انھوں نے کہا کہ وہ یہ ہیں جس کا افادہ ہمارے شیخ سید کے دام ظلہ العالی نے دیا ہے۔ اھ

علت کا معلول کے مرتبہ ذات اور ہویت میں موجود ہونا اس کے عکس کے سوا اس شخص پر مخفی نہیں ہے۔ جس کا یہ اعتقاد ہو بلکہ ذوق ہو کہ معلول اپنی حقیقت میں علت کے شیونات میں سے ایک شان ہے اور اس کے وجوہ میں سے ایک وجہ اور اس کے حیثیات میں سے ایک حیثیت ہے اور یہاں وہم کے پیدا ہونے کی جگہ ہے اور بسا اوقات اس شخص کے لیے پیدا ہوتا ہے جو اپنے کلام میں قاصر ہوتا ہے اور وہ شخص اس طرح وہم کرتا ہے اور کہتا ہے کہ ہم نے تسلیم کیا کہ معلولات کا جو نازل سلسلہ ہے اس میں معلولات کی ذوات سے اجتماع فی الوجود کی وصف ناپید ہو گئی علت کے مرتبہ ذات میں لیکن اس جہت نازلہ میں تطبیق کے جریان سے کوئی مانع نہیں ہے اس حیثیت سے کہ یہ کسی اعتبار اور عقل کے عمل کی طرف محتاج نہیں جس کے بطلان پر تمھاری طرف سے پہلے دلیل قائم ہوا ہے پھر تمھارا برھان جو اس سلسلہ میں جاری ہے یا تو وہ مطلوب کو ثابت کرے گا اور وہ ہے بطلان لاتناہی معلولات کا جیسا کہ علل لاتناہی صاعدہ (چڑھنے والے) میں ہوتی ہے یا یہ دلیل تختلف (پیچھے رہنے والا) ہو گا حالانکہ وہ برہان تمھارے پاس صحیح تھا۔ اس پر یہ تخلف جائز نہیں ہے پھر جس کو آپ نے برہان سے ثابت کیا تھا اس سے یہ خلاف ثابت ہوا۔

ہم اس کے قطع اور توڑنے کے متعلق کہیں گے کہ اس میں کوئی شبہ نہیں ہے کہ موجودات جو کہ سلسلہ نازلہ میں فرض کیے جاتے ہیں وہ ایسے موجودات ہیں کہ عقل ان کے وجود کے اعتبار کی طرف محتاج نہیں ہیں۔ ان موجودات کے متعلق ہم سوال کریں گے کہ ان کو اپنے ذوات معلولہ لیا ہے یا وہ علل ہیں دونوں شقوں پر ان میں برہان تطبیق جاری نہیں ہو گا بلکہ دوسرے براہین جو کہ لاتناہی کے بطلان پر قائم ہوتے ہیں وہ بھی مطلقاً جاری نہیں ہوں گے۔ پہلی شق پر اس لیے کہ یہ موجودات ماخوذہ اگرچہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



معقولیت کے لحاظ سے مرتبہ ہیں لیکن وہ اُس مرتبہ میں موجود نہیں ہیں اس لیے اسی کو صدر محقق (شیرازی) نے بیان کیا ہے تو پھر اس میں استحالت کے معیار کا ایک رکن فوت ہوگیا پھر جریان برہان کے دو شرطوں میں سے ایک شرط بھی فوت ہوگئی اور وہ ہے وجود مجتمع کی وصف لیکن دوسری شق پر اس لیے کہ یہ علل معکوسہ ہیں تو پھر اگر وہ اگرچہ خارج میں مجتمع فی الوجود ہیں لیکن تعاکس میں مرتب فی الوجود نہیں ہیں جیساکہ مخفی نہیں ہے تو اس میں استحالت کے معیار کے دو رکنوں میں ایک رکن فوت ہوگیا۔ اور وہ ہے ترتیب کی وصف، اس کو سمجھا جائے اور جب تو نے اس معیار کو پہچانا تو اپنے حصول کی جیب سے کھوٹے انکار نقد کو پھینک دے جو ناقص عیاری ہیں اور جب دونوں وصفوں کے شرط بنانے کے وجوب میں امر واضح ہوگیا تو ہم علامہ سے بالمشافہ باز پرس کریں جو انھوں نے برہان تطبیق کے بریان میں ترتب کی وصف کو ہدر بنانے میں کلام کیا ہے۔ اس کے بعد کہ ہم نے آمنا سامنا کیا ہے اجتماع کی وصف کو ان کی طرف سے باطل کرتے ہیں۔

پھر ہم کہتے ہیں کہ علامہ کا یہ کہنا کہ اگر اجمالی تطبیق کفایت کرتی ہے تو وہ غیر مرتبہ میں بھی کفایت کرتی ہے اس طرح کی عقل یہ ملاحظہ کرے کہ ہر ایک اس جملے سے اس کے مقابلے میں دوسرے جملے سے ایک مقابلے میں ہوگا یا نہیں ہوگا پہلی صورت میں مساوات لازم ہوگی اور دوسری صورت میں انقطاع لازم آئے گا اور اگر اجمالی تطبیق نہ ہوگی تو صورت ترتب میں نہ ہوگی کیونکہ عقل کے لیے یہ ممکن نہیں ہے۔ کہ ہر ایک کا مفصل ملاحظہ کرے اور یہ دعویٰ کرنا کہ یہ اجمال یہاں پہلے سے کم درجہ کا ہے یہ بلا دلیل کے حکم ہے اھ۔

اس طرح کہنے سے اس جیسے انسان سے ہر وہ شخص تعجب کرے گا جو گزرے ہوئے بیان پر وقوف رکھتا ہے دونوں وصفیت شرط ہیں اور غیر مرتبہ اور مرتبہ دونوں کے اجمالوں میں واضح فرق ہے۔

جاننا چاہیے کہ تحکم کا حکم کرنا ایک قیاس فاسد پر مبنی ہے مع فارق کے موجود

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہونے کے جو اس جیسے بزرگ اذکیا، پر رواج دیتا ہے۔ اس فضا کا تصور ہے۔ پاکی ہے تیرے لیے ہمارے لیے علم ہے جتنا تو نے دیا ہے پھر تجھے تلاش در تلاش کرنی چاہیئے یہاں تک کہ یہ دعویٰ کیا جائے کہ امور غیر متناہیہ مطلقاً ترتب کو لازم کرتے ہیں چاہے ان کے آحاد میں ترتب ہو یا نہ ہو اور اس کی بناء اس دعویٰ پر ہے کہ عدد ان اعداد سے مرکب ہے جو ان کے ماتحت ہوتے ہیں تو اس سے مجموعات حاصل ہوتے ہیں جو ان کا بعض دوسرے بعض کا جز ہوتا ہے اور یہ ترتب کو لازم کرتا ہے تو پھر برہان تطبیق ان اشیاء میں جاری ہوگا جن میں ترتب نہیں ہے۔ جیسے نفوس ناطقہ حکیم کے ہاں کیونکہ یہ غیر متناہی اعداد ہیں ان کو عددیت کے لحاظ سے ترتب لازم ہے پس اگر برہان تطبیق کے جریان کی شرط ترتب ہے تو وہ غیر متناہی میں پائی جائے گی اس لحاظ سے کہ وہ عدد ہے کیونکہ کل جزء پر موقوف ہوتا ہے جیسا کہ معلول علت پر ظاہر موقوف ہوتا ہے۔ یہ حاصل ہے اس عبارت کا جس کو واضح عبارت سے ذکر کیا گیا ہے اور عجیب کہ اس نے اس میں معلم اول کی مخالفت کی ہے جس طرح ان سے مشہور ہے کہ عدد وحدات سے مرکب ہوتا ہے اعداد سے نہیں ہوتا جو یہ اول ہیں اس پر اس نے اعتراض کیا ہے اس نے کہا اور اس کی واضح تحریر کا خلاصہ یہ ہے کہ ارسطا طالیس نے عدد کی ترکیب وحدات سے بیان کی ہے۔ یہ بات تب چل سکتی ہے جب ہر ایک عدد کے لیے وحدات سے ترکب کی صورت میں ایک صورت نوعیہ ہو تو کہ ترکیب سے پیدا ہوئی ہو۔ نفس وحدات سے مغایر ہو لیکن جب نفس وحدات ہوں گی تو عدد کا ترکب نفس وحدات ہوں گی تو عدد کا ترکب نفس وحدات سے تصور میں ہی نہیں آسکتا اور واقع غلوص آحاد کا ہے۔ بلا کسی صورت نوعیہ کے جو اس کو لاحق ہو اور ہر مرتبہ اعداد کا ایک دوسرا نوع ہوگا جو باقی مراتب سے خصوصیت مادہ کے لحاظ سے تمیز پاتا ہوگا اس کے مواد کے لیے کوئی صورت مغائرہ نہیں ہوں گی اور یہ کم منفصلہ کے خواص میں سے ہوگا اھ۔

ہم کہیں گے کہ حقیقت عددیہ مطلق ہے وہ اپنے انواع میں سے کسی نوع کے ساتھ مقید نہیں اور یہ ان کے مراتب میں سے ایک مرتبہ ہے۔ یہ وحدات ہیں جو ایک کو دو بار یا کئی بار تکرار سے حاصل ہوتی ہیں کیونکہ کثرت کی ذات ہی وحدت کا عین ہے اور محققین

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


کے مطابق مجموعات اور انواع حقیقت عدد مع تشخص سے عبارت ہیں تو وہ وحدات مخصوصہ ہوں گی جن میں سے بعض دوسرے سے متمیز ہے پھر جب حقیقت یہ رہی اور انواع حقیقت مع الخصوصیات ہیں تو پھر یہ حکم لگانا کہ انواع کثیرہ فوقانیہ، تحتانیہ سے مرکب ہیں۔ یہ حکم بلا دلیل ہے جس کو تحکم کہا جاتا ہے اور یہ جاعل کی طرف سے ایک ایسی جعل ہے جو اصل وجود اور طبیعت کی اقتضا سے اس کے لیے کوئی آیت اور علامت نہیں ہے اور یہ بھی ہے کہ اقل انواع اور مجموعات میں جو دو ہیں یہ ضروری ہے کہ وہ ایک سے دوبار مرکب ہو۔ تو پھر مدعی کے لیے اس پر کہاں سے دلیل آئے گی کہ تین دو سے مرکب ہیں ایک کو تین بار تکرار سے نہیں بناتا کہ یہ اس کو ایک حقیقت میں تسقین کے تعدد کی طرف محتاج بنائے اور یہ بھی ہے کہ اس کا ترک مثلاً چار، چھ سے آٹھ اور دو سے مرکب ہونے سے اولی نہیں ہے۔ اور نہ ہی دوسرے اعداد سے جو کہ دس کے اندر ہیں تو پھر یا تو ان سب سے مرکب ہونے سے کہا جائے گا تو پھر لازم آئے گا کہ اس کے لیے اجزائے ایک دوسرے کے مغائر اور مخالف ہوں پھر ایک شئے کی تمام ماہیت متعدد ہوگی اور وہ محال ہے یا ان اجزاء سے ترک کی نفی کی جائے۔ جب پہلا احتمال باطل ہوا تو دوسرا متعین ہوا اور اخیر ابطال کو علامہ نے معلم کے مذہب کے لیے بطور دلیل ذکر کیا ہے اور پھر اس پر کوئی تعرض نہیں کیا اور یہ ایسا ہے کہ جب اس میں نظر کی جائے تو وہ اس میں اصل کے عدم کے لیے مظہر ہوگا وجودی ہو یا طبعی، اور یہ اس ترکیب کے قائل ہونے پر مجبور کرے گا۔ بخلاف وحدات کی ترکیب سے کیونکہ وہاں عقل کا حکم بدیہی ہے اور اس میں کوئی خفا نہیں ہے تو پھر دعویٰ کا بطلان ظاہر ہوا کہ امور غیر متناہی مطلقا ترتب کو لازم کرتے ہیں۔

اس کا یہ قول عدد کی ترکیب وحدات سے جاتا ہے اس قول تک۔ جو اس کے مجمل کلام کی ایضاح میں کہا ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ آحاد صورت نوعیہ کے سوا خالص سے ہیں۔ ہم کہیں گے کہ اگر اس نے یہ ارادہ کیا ہے کہ یہ محض وحدات ہیں اس پر کوئی اعتبار نہیں ہے تو باطل ہے۔ کیونکہ قطعی طور پر یہ جانتے ہیں کہ خواص اور لوازم کا اختلاف دونوں مجموں میں جیسا کہ چھ بلکہ ایک اور دو میں اس کے لیے وحدات مخصوصہ میں ان کے تمحض پر کسی زائد کا ہونا ضروری ہے اور اگر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


ان کا ارادہ یہ ہے کہ یہ محض وحدات ہیں۔ اس میں کسی وجودی امر کا اعتبار نہیں ہے تو مسلم ہے لیکن اس کی نفی نوعیت کے نفی کو لازم نہیں کرتی اور نہ ہی وحدات کے تمحض اور خلوص کو مطلقاً نفی کرتی ہے اور اعداد میں مبداء وہی صورت نوعیہ ہے۔ آثار مختلفہ نوعیہ کے مبدأ ہونے میں اور اس کی یقینی طور پر وضاحت یہ ہے کہ چھ مثلاً مجرد آحاد نہیں ہیں جن کو چھ کی صفت ضابط اور لاحق ہو۔ اسی طرح سات ہونا مجرد آحاد نہیں کہ جس کو سات ہونے کی صفت ضابط اور لاحق نہ ہوئی ہو۔ حاصل کلام یہ کہ آحاد کے ساتھ کوئی دوسری چیز بھی معتبر ہوگی اور وہ ہے اس کی کسی حد اور قدر معین پر ہونا اور یہاں صورت سے مراد وہی خصوصیت ہے اور اس سے ظاہر ہوا پورا ظہور جس میں کوئی شک نہیں ہے کہ تحقیق اس کا قول اس وقت اعداد کا ہر مرتبہ اس قول تک مواد سے کسی مغایہ صورت سے نہیں ہے۔ یہ قول مطلقاً باطل ہوگا اور یہ اس لیے ہے کہ اس سے اگر خصوصیت مادہ سے یہ ارادہ کیا ہے کہ وہ ممیز ہے باقی سے صرف آحاد سے مرکب ہونے کی وجہ سے اس میں کسی زائد وصف کا ملاحظہ نہ ہوگا تو وہ منشا تمیز کی نہیں ہے کیونکہ خالص ایسا ترکیب ہر عدد میں پایا جاتا ہے اور اگر اس سے یہ ارادہ کیا ہے کہ وہ ممیز ہے باقی سے مادہ مختلفہ کے واسطے سے اس خصوصیت کے ساتھ جو اس کے غیر میں پائی نہیں جاتی اور صفت ہے چھ ہونے یا سات ہونے کی مثلاً اور یہ ہے اس کا آحاد میں سے کسی مبلغ معین پر اس کا ہونا تو یہ صورت نوعیہ ہے اور وہ ہے کسم منفصلہ کے خواص میں سے ہے تو پھر خصوصیت مادہ کے اثبات کے بعد صورت کی نفی کے کوئی معنی نہیں ہے۔ جیسا کہ تم معلوم کر چکے ہو اس معنی سے یہ اس کا عین ہے۔

شیخ الرئیس رحمہ اللہ نے شفا میں کہا ہے یہ عجب نہیں ہے کہ شے اس لحاظ سے ایک ہو کہ اس کے لیے ایک صورت ہے جیسے دسویں یا تیسری اور اس کے لیے دسویں کے لحاظ سے کثرت ہے جس کے لیے خواص ہیں۔ جو دس کے لیے تھے لیکن اس کی کثرت اس کے لیے خواص نہیں ہیں جو کثرت کے لیے تھے جو کہ وحدت کے بالمقابل ہے اھ۔ تو شیخ تحقیق نص کر چکے ہیں۔ اس پر کہ عشریت (دس ہونا) اور ثلاثیت (تین ہونا) یہ کم مفصل میں صورت نوعیہ ہے اس کے سوا کچھ نہیں۔ اور اس پر وہ جو شرح مواقف میں آیا ہے کہ دس مثلاً اس کو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اعدا اس کا کثرت میں ہونے میں شریک ہوتا ہے اور اس سے ممتاز ہوتا ہے اس کے کثرت مخصوصہ ہونے کی خصوصیت کے ساتھ اور یہ اس لوازم کا مبدا ہے اور یہ بھی ہے کہ جب ہر مرتبہ دوسرے نوع سے ممتاز نوع ہوتا ہے اگرچہ مادہ سے جیسا کہ انھوں نے کہا تو پھر ایک نوع کا دوسرے نوع کے لیے جز ہونا باطل ہو گیا کیونکہ انواع حقیقیہ میں بعض کا دوسرے بعض کے لیے جز ہونا ممتنع ہے جیسا کہ مخفی نہیں ہے تو اس سے ظاہر ہوا کہ دو کو مثلاً تین کے لیے جز نہ کہا جائے گا۔

اس کا یہ کہنا! اور یہ ظاہر ہے کہ ایک ایک جز ہوتا ہے ایک ایک کے لیے، ہم کہیں گے کہ اس سے آپ کی اگر یہ مراد ہے کہ ایک ایک مطلقا اس کے سوا کہ اس کو مقید دونوں پر عدم زیادتی یا نقصان سے نہ کیا جائے۔ اس کو ایک ایک کا جز کہا جائے تو یہ بات مسلم ہے لیکن اس اعتبار کے اخلاق سے یہ عدد کا مرتبہ نہ ہوگا تاکہ لازم ہو یہ مرتبہ اثنینیت کا مرتبہ ثلاثیت کے لیے جز ہے کیونکہ واحد معتبر دو مرتبہ دو کا جز نہیں ہوتا مگر جب اس کو عدم زیادتی کا اور نقصان سے مقید نہ کیا جائے تاکہ وہ تین کا مغائر ہو اور ایک بھی مغائر ہو جو کہ دوبارہ معتبر نہ ہو اور اگر تیرا ارادہ یہ ہے کہ ایک ایک فقط کہ ان دونوں پر کہ جز زائد ہے ناقص الخ تو پھر اس کا ایک کے لیے جز ہونے کو تسلیم نہیں کریں گے۔ کیونکہ دونوں پر عدم زیادتی کے مقید کو دونوں پر زیادتی کے مقید کو جز جو کہ تین ہے جز کہنا ممتنع ہے اور یہ ظاہر ہے جس میں کوئی خفاء نہیں ہے۔

پھر تحقیق علامہ نے بعد تدقیق فرمائی ہے۔ امور غیر متناہیہ کے ترتب میں دوسرے وجہ کے ساتھ اس کو تسلیم کرنے کے بعد کہ کوئی عدد اپنے ماتحت اعداد سے مرکب نہیں ہوتا جیسا کہ معلم اول نے کہا ہے پھر کہا اور ہم اس کو بسیط اور اس سے واضح کلام کے ساتھ یہاں لاتے ہیں۔ پھر عدم ترکیب عدد کا اپنے ماتحت کے اعداد سے اس کو منافی نہیں ہے کہ عدد کا معروض ان اعداد کے معروض سے مرکب ہو کیونکہ عدد عارض اور معدود معروض ہے۔

تو اگر کسی شئ کا عارض دوسری شئ کے عارض کا جز نہ ہو تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ شئ بھی اس دوسری شئ کا جز نہ ہو پھر اثنینیت (دو کا ہونا) اور یہ خود عدد ہے اگر ثلاثیت کے جو وہ بھی عدد ہے اگر جز نہیں ہے تو اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ دو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جو اثنینیت کا معدود ہے وہ بھی تین جو ثلاثیت کے لیے معدود ہے اس کا بھی جز نہ ہو بلکہ ہم دعویٰ کرتے ہیں کہ اقل معدود ین اکثر معدود ین کا بالضرورۃ جز ہوتا ہے کیونکہ ہم بداہت کے ساتھ جانتے ہیں کہ زید اور عمرو، زید عمرو اور خالد کے لیے جز ہیں کیونکہ مجموع زید و عمرو معروض اس ہیئت اجتماعیہ کا مغائر ہے مجموع زید و عمرو اور خالد کا یعنی معروض اس ہیئت اجتماعیہ ثلاثیہ کا تو پھر پہلا معروض دوسرے معروض کا عین نہ ہوگا کیونکہ مغائرت عینیت کو منع کرتی ہے اور یہ قطعاً ہمیں معلوم ہے کہ پہلا دوسرے سے خارج نہیں ہے۔ کیونکہ ثلاثیت کا معدود جو تین ہے وہ اثنینیت کے معدود دو پر مشتمل ہے اور جو چیز کسی شئ سے خارج نہیں ہے لیکن اس کا مغایر ہے وہ عین کے لحاظ سے مغایر ہے اور اس شئ کا جزی ہوتی ہے تب یہ معروضات اور معدودات [illegible]ی طور پر ایک دوسرے پر مترتب ہوں گے اور غیر متناہی چیزیں جو کہ وجود میں ایک ساتھ ہیں جن کو تم نے فرض کیا غیر مرتب جب وہ عدد کے لیے معدودات اور معروضات ہیں وہ نفس الامر میں مرتب ہیں ان میں برہان تطبیق جاری ہوگا اس شرط پر جو تم نے مقرر کیا ہے کہ اس میں مجری کا وجود ہوتا ہے اور اس کا ترتب بھی ہوتا ہے تو اس کا بطلان ظہور خلت سے قطعی ہوگا۔ پورا ہوا اس کا حاصل تحریر میں ایسے بسط اور ایضاح کے ساتھ جو اس سے اکثر اس کے کلام میں پایا نہیں جاتا۔

ہم نے کہا اور اللہ سبحانہ سے ہر وقت مدد مانگتے ہیں: اس کا یہ کہنا کہ ایک شئ کے عارض کا دوسری شئ کے عارض کے لیے جز نہ ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ ہو۔ الخ اس میں عدم لزوم مذکور کی کلیت کو ہم نہیں مانتے کیونکہ اس لزوم کا اس عرض خاص میں جو عدد ہے واجب ہونا ثابت ہے کیونکہ جزئیت مجموع زید اور عمرو کی جو معروض ہے ہیئت کے لیے جو معروض ہے ہیئت اثنینیۃ کے لیے مجموع زید، عمرو اور خالد کے لیے جو معروض ہے تین ہونے کی ہیئت کے لیے اور یہ وہ ہے جس کی بداہت کی دعویٰ کی جاتی ہے کیونکہ دلیل کا اس پر موقوف ہونا وہ دونوں مجموعوں کے درمیان ارتباط کے لیے نہیں ہے جس کو ضروری طور پر دو چیزوں کے درمیان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کلیت اور جزئیت کی وصف تقاضا کرتی ہے سو اس کے کہ دونوں ان دو عددوں کے لیے معروض ہیں پس اگر ان دو عددوں کے درمیان کلیت اور جزئیت کی بالذات نسبت ہے اس طرح کہ عدد اکثر اور وہ ہے ثلاثیت (تین ہونا) مرکب ہے اقل سے اور وہ ہے دو ہونا اور ایک سے یہ نسبت معدودیت پر بالعرض عارض ہوتی ہے اگر ایسا نہ ہو تو ایک مجموعہ کا دوسرے کے لیے جز ہونے کے کوئی معنی نہیں ہے۔ کیونکہ دونوں کے درمیان ربط مفقود ہے اور اس کا ہونا ہر کل اور اس کے جز کے درمیان کس وجہ سے ضروری ہے تو پھر عدد کا اعداد کا سے مرکب نہ ہونا اور وہ اس کلام میں تیرا تسلیم شدہ ہے لامحالہ معروض عدد کا ترکب اعداد کے معروض سے منافی ہے کیا تو اپنے کو نہیں دیکھتا بالبداہت یہ دعوی کرتا ہے کہ اقل معدود اکثر کا جز ہوتا ہے تو دونوں میں اس جزئیت اور کلیت کی راز اور علمیت وہ اقلیت اور اکثریت ہی ہے اور وہ دونوں اعداد میں کم منفصل ہیں۔ یہ عدد عارضی کی عین حقیقت ہے پھر ارتباط جس پر کلیت اور جزئیت کی وصف اعتماد رکھتی ہے وہ اقلیت اور اکثر سے پیدا ہوئی ہے ذات اقل اور اکثر سے نہیں ہوئی پھر جب تم نے تسلیم کیا کہ اقلیت اکثریت کا جز نہیں ہے اور یہ تمھارے اسی تسلیم کا عین ہے کہ عدد اس اعداد سے مرکب نہیں ہے جو اس کے نیچے ہیں تو اقل جو اقلیت کا معروض ہے وہ اکثریت کا جز نہ ہوگا اور یہ بعینہ بطلان ہے معروض عدد کے ترک کا ان اعداد کے معروض سے تو پھر جس طرح ترتب عدد عارض میں باطل ہوگا تو عدد معروض میں بھی باطل ہوگا اور یہی مطلوب ہے اس کو لے لو۔

اور ہم یہ بھی کہیں گے کہ تیرا یہ قول کہ پہلا معروض ثانی معروض سے خارج نہیں ہے اس سے معروض اول سے تیری مراد مجموع زید وعمرو ہو۔ تو کہ معروض ہے واقع میں اثنینیت کی ہیئت کے لیے ساتھ اس کے دونوں کے لیے جو ہیئت حاصلہ ہے اس کا ملاحظہ عدم زیادۃ اور نقصان میں نہ کیا جائے پھر تیرا یہ قول کہ پہلا معروض معروض ثانی سے خارج نہیں ہے تو جز مسلم ہوگا لیکن پہلا معروض

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس وقت اعداد کے مراتب میں سے کسی بھی مرتبہ کے لیے مروض نہ ہوگا کیونکہ انضمیت کا مرتبہ میں یہ شرط ہے کہ دو عدد کو اس پر زائد یا ناقص عدد سے مجرد فرض کیا جائے اور یہ فرض کیا جائے کہ پہلا معروض اعداد کے ایک مرتبہ کے لیے معروض ہے اور اگر تیرا اس سے ارادہ ہے ساتھ ملاحظہ اس ہیئت کے زائد اور ناقص عدد سے تجرد کے قید میں تو پھر تیرے قول کی یہ تفریع باطل ہوگی۔ کہ وہ اس کا جز ہوگا۔ کیونکہ پہلا معروض مقید تجرد مذکور کے قید سے وہ دوسرے معروض کا جز نہیں ہو سکتا جس میں پہلا معروض اس میں زیادتی سے مخلوط ہوا ورنہ اس سے مجرد ہوا اور یہ تو دو نقیضوں کے درمیان جمع ہے اور وہ محال ہے اور جس کو ہم نے منع کیا ہے اس کے تسلیم کرنے پر یہاں بحث کرنے کے لیے بھی گنجائش ہے لیکن طوالت ملول کرنے کی حد کو پہنچی ہے تو ہم کو ناظر کی ملالت کا خوف ہے کیونکہ اس مقام کے حل میں تغلل رسالہ کے قدر سے تجاوز کر گیا ہے تو ہم نقوض کے ذکر اور بیان میں شروع ہوتے ہیں کیونکہ وہ اس سفر میں مہتم بالشان ہے۔

(جاری ہے)

**بقیہ: شذرات علمیہ**

تشنگی کا تمام سر و سامان فراہم کر دیا گیا ہے۔

یہ نمبر حضرت مہتمم صاحب کی نگرانی میں مدرسہ کے جواں سال و صاحب ذوق مدرس مولوی محمد سلیمان منصور پوری کی کاوش و محنت شاقہ کا نتیجہ اور عزیز موصوف کی ایک یادگار علمی خدمت ہے۔

© rasailojaraid.com